پریس ریلیز

نیسلے پاکستان اور LUMS کی جانب سے
ایگری بزنس پروگرام کی رُونمائی

Nestlé
Good Food, Good Life

لاہور، 15 جنوری 2014ء : لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز (LUMS) نیسلے پاکستان کے ساتھ اشتراک میں ایک ایگزیکٹو سرٹیفکیٹ پروگرام کا آغاز کررہی ہے،جس کا مقصد ایگری بزنس یعنی زرعی تجارت کے شعبے میں اہلیت اور صلاحیت کے حامل پیشہ ورافراد تیار کرنا ہے۔نیسلے پاکستان اپنے Creating Shared Value (CSV) کے تصور کے ضمن میں ایگری بزنس کے باصلاحیت پیشہ ورافراد کی ترقی کی معاونت کرنے اور اسے فروغ دینے کے لئے پُرعزم ہے۔ایگزیکٹو سرٹیفکیٹ اِن ایگری بزنس منیجمنٹ (ECAM) مختصر مدّت کے modules کے ایک تسلسل پر مشتمل ہے،جس میں منیجمنٹ کے کلیدی شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے جو زرعی تجارت کو درپیش چیلنجوں سے متعلق ہیں۔

نیسلے پاکستان کے منیجنگ ڈائریکٹر مگدی بٹاٹو نے کہا: ''بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہونے کی حیثیت سے پاکستان کو ایسے پیشہ ورافراد تیار کرنے کی ضرورت ہے جو متعلقہ شعبوں میں تعلیم وتربیت سے آراستہ ہوں۔ ECAM یہ موقع فراہم کرتا ہے اور نیسلے پاکستان کو فخر ہے کہ وہ LUMS کے ساتھ اشتراک میں اس اقدام کی قیادت کررہا ہے۔''

ECAM پروگرام معیشت کی صحت کے لئے زرعی شعبے کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔زراعت کا حصہ مجموعی ملکی پیداوار میں 21% ہے اور یہ افرادی قوت کے 44% حصے کو روزگار فراہم کرتی ہے۔یہ شعبہ مستحکم معاشی ترقی،خوشحالی اور غربت کے خاتمے کے لئے مرکزی اہمیت کا حامل ہے۔نیسلے اور LUMS پاکستان کی معیشت میں زرعی شعبے کے کردار کا اِدراک رکھتے ہیں،اور اس امر کا بھی کہ کس طرح تربیت یافتہ پیشہ ورافراد مُلک کو دنیا کی صفِ اوّل کی زرعی معیشتوں کے بالمقابل لے آئیں گے۔

LUMS کے وائس چانسلر ڈاکٹر سہیل نقوی نے کہا: '' ECAM میں ہماری توجہ اس بات پر مرکوز رہی ہے کہ ایک جامع پروگرام تشکیل دیا جائے جس کا مقصد زرعی شعبے میں انتظامی مہارت کو پروان چڑھانا ہو تاکہ ہماری زمینوں کی پیداواریت میں افزودگی ہو۔''انہوں نے مزید کہا: ''یہ پروگرام جنوبی ایشیا کے معاشی وسیاسی ماحول کے پسِ منظر میں input،پیداوار،پروسیسنگ / تیاری اور تشہیروترسیل کے چیلنجوں کے ایک وسیع دائرۂ کار کا احاطہ کرتا ہے۔''

ایگزیکٹوسرٹیفکیٹ اِن ایگری بزنس منیجمنٹ ECAM کے ایک سالہ نصاب میں زرعی معیشت،کاروبار کی ملکیت،ویلیو chain اور ٹیکنالوجی،مالیات اور اکاؤنٹنگ وغیرہ شامل ہیں تاکہ شرکاء بہترین انتظامی صلاحیتوں اور مہارت سے لیس ہوسکیں۔پروگرام کے شرکاء زرعی تجارت کے شعبے کا گہرا فہم حاصل کریں گے اور اُن مواقع کی شناخت کریں گے جن کو ممکنہ حد تک مستحکم کرنے سے اُن کے کاروبار اور اداروں کے لئے قدر کی تخلیق ہوسکے۔سرٹیفکیٹ پروگرام کا آغاز 17 جنوری 2014ء کو ہوگا۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس)یعنی غذائیت،صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔نیسلے پاکستان جن آبادیوں میں کام کرتا ہے وہاں تعلیم،غذائیت،پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کرکے مشترکہ اقدار پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔علاوہ ازیں،نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے 190,000 سے زائد کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے:

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

عاتکہ میر خان،کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر،نیسلے پاکستان
فون: 042-35988119
ای میل: aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com